# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTIONAL (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill) (Article 175A and 215) referred to the Committee on 9th July, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Rana Muhammad Qasim Noon | Member |
| 3. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 4. | Ms. Kiran Haider | Member |
| 5. | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| 6. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 7. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 8. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 9. | Syed Hafeezuddin | Member |
| 10. | Mr. Hassaan Sabir | Member |
| 11. | Mr. Sohail Sultan | Member |
| 12. | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 13. | Mr. Ali Muhammad Khan | Member |
| 14. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 15. | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 16. | Sardar Muhammad Latif Khan Khosa | Member |
| 17. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 18. | Minister for Law and Justice. | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annex-A,** in its meetings held on the 27th September, 12th November, 21st November 2024, 9th January, and 26th May 2025. The Committee recommended that the Bill may not be passed by the Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary General
Islamabad, the 18th June 2025

**Sd/-**
**(Ch. Mahmood Bashir Virk)**
Chairman

**Annex-A**

[ AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE ]

**A**

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act shall be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 175A of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution in Article 175A, for clause (8) to (17), the following shall be substituted, namely:-

> "(8) For appointment of Judges of the High Courts and Federal Shariat Court, the Commission shall conduct competitive examination.
>
> (9) For the purpose of clause (8), the Commission shall make rules.
>
> (10) The Commission shall recommend the names of persons who qualifies the examination to the President for their appointment as Judge of the High Court or Shariat Court, as the case may be.".

3. **Amendment of Article 215 of the Constitution.**-- In the Constitution, in Article 215,

(a) in clause (1), for the expression "The Commission and a member", the words "A member" shall be substituted

(b) after clause (1) as amended aforesaid, the following new clause (1A) and (1B) shall be inserted, namely:-

> "(1A) The Commission shall, subject to this Article, hold office for a term of one year from the day he enters upon his office .
>
> (1B) On completion of the one-year term of the Commissioner under clause (1A), a member of the Election Commission from each province in alphabetic order shall be appointed as Chief Election Commissioner.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Bill seeks to amend the Constitution to provide for appointment of Judges of the High Courts on merit on the basis of competitive examination so as to promote meritocracy in the country and to curb favoritism in the appointment of judges of the High Courts in the country. Moreover, it is proposed that the term of the Chief Election Commissioner shall be one year. On completion of the one-year term of the Chief Election Commissioner, the member of the Election Commission from each province in alphabetic order shall be appointed as Chief Election Commissioner.

The Bill seeks to achieve the above objectives.

**Sd/-**
**MR. ASAD QAISER,**
**MR. M. SANA ULLAH KHAN MASTIKHEL,**
**SHAHZADA MUHAMMAD GUSHTASAP KHAN**
Members of National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۹ جولائی، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) (آرٹیکل ۱۷۵/الف اور ۲۱۵) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **چوہدری محمود بشیر ورک** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | رانا محمد قاسم نون | رکن |
| ۳۔ | محترمہ زہرہ ودود فاطمی | رکن |
| ۴۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۵۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۶۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۷۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۸۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۹۔ | سید حفیظ الدین | رکن |
| ۱۰۔ | جناب حسان صابر | رکن |
| ۱۱۔ | جناب سہیل سلطان | رکن |
| ۱۲۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۳۔ | جناب علی محمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| ۱۶۔ | سردار محمد لطیف خان کھوسہ | رکن |
| ۱۷۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۱۸۔ | وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۷ ستمبر، ۱۲ نومبر، ۲۱ نومبر، ۲۰۲۴ء اور ۹ جنوری ۲۶ مئی، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ اسمبلی بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل

دستخط/۔
**(چوہدری محمود بشیر ورک۔)**
چیئرمین

اسلام آباد ۱۸ جون، ۲۰۲۵ء

مسئلہ - الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۷۵ الف کی ترمیم:** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں جس کا بعد ازیں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، کے آرٹیکل ۱۷۵ الف میں، شق (۸) تا (۱۷) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۸) عدالت ہائے عالیہ اور وفاقی شرعی عدالت کے ججوں کی تقرری کے لئے کمیشن مسابقتی امتحان کا انعقاد کرے گا۔

(۹) شق (۸) کے مقصد کے لئے کمیشن قواعد وضع کرے گا۔

(۱۰) کمیشن امتحان میں عدالت عالیہ یا شرعی عدالت، جو بھی صورت ہو، کے جج کے طور پر کامیاب ہونے والے افراد کے نام صدر کو سفارش کرے گا۔"۔

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۱۵ کی ترمیم:** دستور میں، آرٹیکل ۲۱۵ میں،

(الف) شق (۱) میں عبارت "کمشنر اور کوئی رکن" کو الفاظ "کوئی رکن" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) مذکورہ ترمیم کردہ شق (۱) کے بعد حسب ذیل نئی شق (۱الف) اور (۱ب) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۱الف) آرٹیکل ہذا کے تابع کمشنر اپنے عہدے پر براجمان ہونے کے دن سے ایک سال کی مدت کے لئے عہدے پر فائز رہے گا۔

(۱ب) شق (۱الف) کے تحت کمشنر کی ایک سال کی مدت کی تکمیل پر حروف تہجی کے اعتبار سے ہر ایک صوبہ سے الیکشن کمیشن کے کسی رکن کی چیف الیکشن کمشنر کے طور پر تقرری کی جائے گی۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

بل ہذا کا مقصد مسابقتی امتحان کی بنیاد پر میرٹ پر عدالت ہائے عالیہ کے ججوں کی تقرری کی بابت احکام وضع کرنے کے لئے دستور میں ترمیم کرنا ہے تاکہ ملک میں میرٹ کو فروغ ملے اور ملک میں عدالت ہائے عالیہ کے ججوں کی تقرری میں جانبداری کو روکا جاسکے۔ مزید برآں، یہ تجویز دی گئی ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کی مدت ملازمت ایک سال ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر کی ایک سال کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر حروف تہجی کی ترتیب سے ہر ایک صوبے سے الیکشن کمیشن کے رکن کی چیف الیکشن کمشنر کے طور پر تقرری کی جائے گی۔

بل ہذا کا مقصد بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/-

جناب اسد قیصر

جناب ایم۔ ثناءاللہ خان مستی خیل

شہزادہ محمد گشتاسپ خان